A Grand Dinner in Mississauga

A grand dinner is being organized by Canadian Asian News to celebrate the launch of Latafat Ali Siddiqui's book: Hazaron Inkishafaat (A Thousand Disclosures) which has already been sold like a hot cake in Karachi and other cities of Pakistan

Khaled Almaeena, a renowned journalist and an Iconic writer of the Arab world

The dinner and ceremonies will be held on June 9, 2022 at 7 PM at Capitol Banquet Hall 6435 Dixie Road, Mississauga L5T 1X4 (Banquet hall telephone 905-670-0635)

Khaled Almaeena, a renowned journalist and an Iconic writer of the Arab world, will deliver a lecture on journalism as a chief guest & keynote speaker at the June 9 event

The entry fee is: $50 per person. A table of eight persons is for: $400.00. The fee can be e-transferred to: asiannews1@gmail.com

Leena Latafat will be the master of the ceremony

Ashfaq Hussain
An award-winning poet

Leena Latafat
Master of the ceremony

Muhammad M Alam
Gold sponsor



One of the best books of 2022

The copies of the book duly signed by the author will also be available at the concessional rate of $20 at the front desk. For more info: 647-883-7575.

The event is being hosted by Ashfaq Hussain. Tel: 647-588-3499
For info contact Latafat Ali Siddiqui 647-883-7575

پاکستان میں بے اولادی کا بڑا سبب مردہیں، ماہرین

برطانیہ (نیٹ نیوز) پاکستان میں تقریباً 40لاکھ جوڑے بے اولاد ہیں اور بے اولادی کا زیادہ تر سبب مردوں کی بیماریاں اور ان کا طرز زندگی ہے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع سوات کے علاقے مالم جبہ میں جاری پاکستان اینڈوکرائن سوسائٹی کی 3روزہ آٹھویں مڈسمر کانفرنس میں پاکستان کے مختلف شہروں کے علاوہ امریکا، برطانیہ، مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا کے مختلف ممالک سے ماہرین شرکت کر رہے ہیں اور مختلف بیماریوں بشمول تولیدی صحت اور ذیابطیس کے حوالے سے اپنے تحقیقی مقالے پیش کر رہے ہیں۔ امریکا میں مقیم پاکستانی اینڈوکرائنالوجسٹ ڈاکٹر جاوید اختر نے کانفرنس میں خطاب کے دوران کہا کہ پاکستان میں تقریبا 40لاکھ جوڑے بے اولاد ہیں اور اس کا بنیادی سبب مردوں میں پائی جانے والی ہارمونل بیماریاں اور ان کا طرز زندگی ہے۔

چوری کرنیوالے بندر اور کتے کی جوڑی

نئی دہلی (نیٹ نیوز) بھارت میں کتے کی چپس کا پیکٹ چوری کرنے میں بندر کی مدد کرنے کی ویڈیو نے سوشل میڈیا صارفین کو خوشگوار حیرت میں مبتلا کر دیا۔ کچھ ماہ قبل بھارت میں بندر کے بچے کی موت کے بعد بندروں اور کتوں کے درمیان زبردست جنگ چھڑ گئی تھی جس میں بندروں کے ہاتھوں درجنوں کتے ہلاک ہوگئے تھے۔ بندر اور کتوں کی لڑائی اتنی شدت اختیار کر گئی تھی۔

کروندے کھائیں، یادداشت بڑھائیں اور کولیسٹرول گھٹائیں

لندن (نیٹ نیوز) تھوڑی کھٹی اور کچھ تلخ کرینبیری کو اردو میں کروندے کہا جاتا ہے جن کے متعلق انکشاف ہوا ہے کہ وہ یادداشت بڑھاتے، ڈیمنشیا دور کرنے اور کولیسٹرول قابو کرنے میں انتہائی مفید ثابت ہوسکتی ہے۔ برطانیہ کی یونیورسٹی آف ایسٹ اینجلیا (یوای اے) سے وابستہ ڈاکٹر ڈاکٹر ڈیوڈ واز ور اور ان کے ساتھیوں نے کروندوں کو دماغی محافظ قرار دیا ہے کیونکہ عمر کے ساتھ ساتھ بڑھتے ہوئے دماغی زوال یعنی یادداشت میں کمی،

این ای ڈی الم نائی کینیڈا کی جانب سے انجینئرنگ کے اسٹوڈنٹس کے لیے کراچی میں پچاس اسکالرشپ دی گئیں

این ای ڈی الم نائی کینیڈا (NEDAC) نے اس سال این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کراچی میں پچاس مستحق طلبہ کو وظائف دیے ۔ یہ وظائف NEED CUM MERIT کے نام سے ان طالبعلموں کو دیے جاتے ہیں جو کہ 2017 مس ی پانچ کی تعداد سے شروع ہوئے ۔ ناصرف حصولِ علم میں اچھے ہوں بلکہ ضرورت مند بھی ہوں ۔ یہ وظائف 2016 تھے اور آج دس گنا بڑھ کر پچاس ہو گئے ہیں۔ نیڈک پورے چار سال تک ان کی ٹیوشن فیس ادا کر کے ان کو سپورٹ کرتی ہے۔ پچھلے دو سال سے کووڈ کی معاشی ناہمواریوں کے سبب ان درخواستوں میں خاطرخواہ اضافہ بھی دیکھنے میں آیا۔ اندخرواس توں کو ینڈک کی اسکالرشپ کمیٹی خاصی باریک بینی سے جائزہ لینے کے بعد اپروو کرتی ہے اور تصدیق کرنے کیغرض سے اسٹوڈینٹس کے انٹرویوز بھی کیے جاتے ہیں ۔ فروم کی ترسیل باقاعدہ بینکوں کے ذریعے سے ہوتی ہے اور ادائیگیاین ای ڈی کے فائنانس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے کی جاتی ہے ۔ کمیٹی ان تمام اسٹوڈینٹس کی تعلیمی پروگریس پر نظر رکھتی ہے ۔ آپ لوگ بھی اس کارِخیر میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں مندرجہ ذیل لینک پر کلک کر کے

http://ada.org/index.php/donate//

جرمنی اور اٹلی کو گیس کی ادائیگی کیلئے روسی کرنسی میں ادائیگی کی اجازت مل گئی

برلن (نیٹ نیوز) جرمنی اور اٹلی نے اپنی کمپنیوں کو روسی گیس کی ادائیگی کیلئے روبل اکاؤنٹس کھولنے کی اجازت دیدی۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جرمنی اور اٹلی نے برسلز سے مشاورت کے بعد اہم تجارتی فیصلہ کیا ہے جسکے بعد دونوں ملکوں کی کمپنیوں کو روسی گیس کی ادائیگی کیلئے روبل اکاؤنٹس کھولنے کی اجازت دی گئی۔ پیوٹن نے قدرتی گیس کی قیمت ڈالر اور یورو کے بجائے روسی کرنسی روبل میں لینے کا اعلان کیا تھا۔ یاد رہے کہ روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے یکم اپریل سے روسی گیس کی ادائیگی روسی کرنسی روبل میں کرنے کے احکامات پر دستخط کیے تھے۔ ولادیمیر پیوٹن کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئی وجہ نہیں کہ امریکا اور یورپ کو اشیا دیں اور قیمت ڈالر یا یورو میں لیں۔

خاتون کی منہ میں سونا چھپا کر چوری کرنے کی ویڈیو وائرل

نئی دہلی (نیٹ نیوز) بھارت کی جیولری شاپ میں خاتون کی منہ میں سونا چھپا کر چوری کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق بھارتی ریاست اترپردیش کے شہر رائے بریلی میں قائم ایک سونے کی دکان کی ویڈیو وائرل ہوئی۔

سعودی عرب کی شہریوں کے بیرون ملک سفر کی شرائط

پاسپورٹ کی ایکسپائری تاریخ تین ماہ سے زیادہ ہونی چاہیے، ڈائریکٹوریٹ

ریاض (نیٹ نیوز) سعودی عرب کے جنرل ڈائریکٹوریٹ پاسپورٹ نے شہریوں کے سعودی عرب سے باہر سفر کیلئے شرائط کا اعلان کیا ہے۔ ان شرائط میں پاسپورٹ کی درستگی اور قومی رہائش کی مدت واضح کی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈائریکٹوریٹ نے ٹویٹر پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ کے ذریعے وضاحت کی کہ سعودی شہریوں کے بیرون ملک سفر کی شرائط میں یہ بھی شامل ہے کہ عرب ممالک کا سفر کرتے وقت پاسپورٹ کی ایکسپائری تاریخ 3ماہ سے زیادہ اور دوسرے ممالک کے سفر پر 6ماہ سے زیادہ ہونی چاہیے۔ شرائط میں واضح کیا گیا کہ خلیج تعاون کونسل کے ممالک کا سفر کرتے وقت قومی شناختی کارڈ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ میں 3ماہ سے زیادہ کا وقت ہونا چاہیے۔

آسٹریلیا کے انتخابات میں حکمراں جماعت کو شکست

دائیں بازو کی جماعت نے میدان مار لیا، آسٹریلوی وزیراعظم نے شکست تسلیم کرلی

کینبرا (نیٹ نیوز) آسٹریلیا میں ہونے والے پارلیمانی انتخابات میں حکمران اتحاد کو شکست، اپوزیشن جماعت لیبر پارٹی نے میدان مار لیا۔ غیرملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق آسٹریلیا میں نو سال بعد لبرل پارٹی کا اقتدار ختم ہوگیا ہے، آسٹریلیا کی 151رکنی پارلیمنٹ میں لیبر پارٹی نے 72نشستیں حاصل کرلی ہیں، جبکہ لبرل پارٹی، نیشنل پارٹی اور لبرل نیشنل پارٹی پر مشتمل حکمران اتحاد صرف 54نشستیں حاصل کرسکا۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ لیبر پارٹی کو حکومت سازی کیلئے 76نشستیں درکار ہیں، جس کیلئے دیگر جماعتوں سے اتحاد کرنا ہوگا، لیبر پارٹی کا گرین پارٹی یا آزاد اراکین سے اتحاد ہوسکتا ہے۔ دوسری جانب خبر ایجنسی کے مطابق آسٹریلوی وزیراعظم اسکاٹ موریسن نے شکست تسلیم کرلی اور کہا کہ ووٹوں کی گنتی ابھی جاری ہے، تاہم لیبر پارٹی جیتتی نظر آرہی ہے۔ اسکاٹ موریسن نے لیبر لیڈر انتھونی البانیز کو مبارکباد دی۔ برطانوی وزیراعظم بورس جانسن نے بھی الیکشن جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔

روس میں امریکا کی سب سے بڑی امریکی فیکٹری کا سقوط

امریکی پابندیوں کے نتیجے میں روس میں امریکی کمپنی سامارا بھی متاثر ہوئی، رپورٹ

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکا اور مغربی ممالک کی طرف سے یوکرین جنگ کی وجہ سے روس پر پابندیوں کے نفاذ کے نتیجے میں روسی معیشت کو غیرمعمولی نقصان پہنچا۔ امریکی پابندیوں کے نتیجے میں روس میں امریکا کی ایلومینیم کی صنعت کی سب سے بڑی کمپنی سامارا بھی متاثر ہوئی ۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سامارا میٹالرجیکل فیکٹری جنوب مغربی روس میں ایک وسیع و عریض کمپلیکس اور درجنوں سٹی بلاکس کے رقبے پر پھیلی ہوئی ہے۔ اس کارخانیکو روسی صنعت کا سنگ بنیاد سمجھا جاتا ہے اور یہ ملک کا تجارتی اور صنعتی ایلومینیم مصنوعات کا سب سے بڑا سپلائر ہے۔ یہ روسی جنگی طیاروں اور میزائلوں کے لیے پرزہ جات کا بھی ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس پلانٹ کی عمارت کے اوپر جلی نیلے حروف میں انگریزی میں آرکونک لکھا دور سے دکھائی دیتا ہے۔ یہ ایک بڑی کمپنی ہے جس کا ہیڈکواٹر پٹسبرگ میں ہے۔ 2016میں صنعتی دیوالکوآ سے علیحدگی کے بعد بھی امریکا کی سب سے بڑی دھات بنانے والی کمپنیوں میں سے ایک ہے۔ آرکونک ہتھیار نہیں بناتی لیکن اعلی درجے کی لوہا سازروس کی ان چند مشینوں میں شامل ہے جو ایروا سپیس انڈسٹری کے بڑے حصوں جیسے بلک ہیڈز اور ونگ مانٹس میں ہلکی پھلکی دھاتیں بنا سکتی ہیں۔ روسی حکومت کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت 2004میں سامارا میں آپریشن شروع کرنے کے بعد سے کمپنی کو قانونی طور پر ملک کی دفاعی صنعت کو ایک ایسے پلانٹ کو چلانے کی شرط کے طور پر سپلائی کرنے کی ضرورت ہے۔

عراق، خونی بخار سے 18اموات، مریضوں کی تعداد 96ہوگئی

ذی قار گورنری ہیمر جک بخار کے متاثرین کا گڑھ بن گئی، حکومت کا سخت اقدامات کا فیصلہ

بغداد (نیٹ نیوز) عراقی وزارت صحت نے ہیمر جک بخار کے کیسوں میں اضافے کا اعلان کرتے ہوئے صورتحال کو سنگین قرار دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق محکمہ صحت کا کہنا تھا کہ اس بیماری کے کیسز کی تعداد بڑھ کر 96ہوگئی ہے۔ سیف البدر نے مزید کہا کہ ملک کے تمام صوبوں میں اب تک ہیمر جک بخار سے ہونے والی اموات کی تعداد 18 تک پہنچ گئی ۔ ذی قار گورنری عراق میں ہیمر جک بخار کے متاثرین کا گڑھ بن گئی ہے جہاں مقامی حکومت نے نئے انفیکشن سے بچنے کیلئے سخت اقدامات کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ ممکن ہے کہ مشتبہ کیسز کی موجودگی کی وجہ سے انفیکشن کی تعداد میں ایک اور اضافہ ہو۔ دوسری طرف ملک کے تمام گورنریوں نے ہیمورہیجک فیور کا مقابلہ کرنے کے لیے احتیاطی اور اقدامات کیے ہیں۔ ذی قار گورنری کے ایک عہدیدار حیدر حنوش نے بتایا کہ گورنری میں ہیمر جک بخار کے دو نئے کیسز ریکارڈ کیے گئے جس سے اس بیماری کے پھیلنے کے بعد سے متاثرہ افراد کی تعداد 42ہوگئی ہے۔ وزارت صحت کے ترجمان سیف البدر نے ایک بیان میں کہا کہ عراق میں ہیمر جک (خونی) بخار کے انفیکشن میں خطرناک اضافہ ہورہا ہے

اسرائیلی انتہا پسند گروپ کو بلیک لسٹ سے نکالنے پر فلسطینی اتھارٹی کی امریکا پر تنقید

امریکی انتظامیہ سے مطالبہ کیا گیا کہ فلسطین لبریشن آرگنائزیشن کو دہشتگردی کی فہرست سے نکالے، بیان

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکی حکومت کی طرف سے ایک انتہا پسند اسرائیلی تنظیم کاخ کو دہشت گردی کی عالمی فہرست سے نکالنے کے اعلان پر فلسطینی حلقوں کی طرف سے سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطینی ایوان صدر نے کانگریس کی منظوری کے بعد غیرملکی دہشت گرد تنظیموں کی فہرست سے اسرائیلی کاخ تحریک نکالنے کے اعلان کی مذمت کی۔ فلسطینی خبر رساں ایجنسی نے ایوان صدر کے حوالے سے بتایا ہے کہ امریکی انتظامیہ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ فلسطین لبریشن آرگنائزیشن کو دہشت گردی کی فہرست سے نکالے۔ فلسطینی ایوان صدر نے کانگریس کے فیصلے کو اسرائیلی انتہا پسند گروپ کے کارکنوں کے لیے انعام قرار دیا ہے۔ بیان میں امریکی حکومت کی طرف سے انتہا پسند گروپ کو بلیک لسٹ سے نکالنے کے وقت اور اس کی وجوہات پر بھی حیرت کا اظہار کیا۔

اطلاع عام

ہم عامل نجومیوں تعویز گنڈے اور ٹوٹکے کرنیوالوں کے اشتہار نہیں لگاتے برائے کرم وہ کسی اور سے رابطہ کریں۔

ادارہ۔۔۔اُردو خبرنامہ

Regal Auto
emission Certified
A to Z Auto Service
S. Ali
15-5910 Dixie Rd Mississauga
647-866-9437

ABDUL HAMID KHAN
LAW OFFICE
Barrister, Solicitor, Nortry Public
Accident Claim & Personal Injury
REAL ESTATE CLOSING
Family Law,
Business Closing
Divorce and
Immigration
Head Office:
1325 Eglinton Ave-E Suite # 209 Mississauga
905-212-9880
www.hamidlawoffice.com,
email:info@hamidlawoffice.com
NORTH YORK
Scarborough
251-Consumer-Rd,
Suite # 1200
416-774-2451
fax:905-212-9880

Zeerah
Halal Pakistani and Indian take-out cuisine & Catering
WEEKLY MEAL PLANS AVAILABLE
• 2 Chicken Biryani • 1 Dall
• 2 Chicken Items (No Boneless) • 2 Vegetables
$38.00 Add 5 Naans/ Parathas for Only $5.50
ZEERAH CATERING PACKAGE
9 Items $9.49
Min: 40 Per
• Rice • Curry • Vegetable • BBQ • Desserts • Chutney • Salad • Raita • Naan
BREAKFAST SPECIAL
From 10 am to 1 pm on Saturday and Sunday
WE SERVE BEAKFAST SPECIAL
HALWA PURI
ZEERAH HALAL PAKISTANI & INDIAN FOODS
3050 Artesian Dr # 16 Mississauga, ON L5M 7P5
Nadeem Mirza
647-208-9545
Tel: 905-569-7916
Timing: Saturdays: 10:00 to 09:00
Monday to Friday 11:30 to 09:00 Sundays: 10:00 to 09:00